# والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے معلوماتی شیٹ / رازداری کی پالیسی

## Place2Talk

***والدین اوردیکھ بھال کرنے والوں کی طرف سے اکثر پوچھے گئے سوالات***

### ***1. Place2Talk کیا ہے؟***

Place2Be کی معاونت کے مقبول ترین پہلوؤں میں سے ایک 'Place2Talk' کہلاتا ہے۔ یہ تمام طلباء کے لیے کھلی ہے، اور وہ یا تو خود سے یا کسی دوست کے ساتھ ایک تربیت یافتہ مشاورر کے ساتھ 15 منٹ گزارنے کے لیے ملاقات کا وقت رکھ سکتے ہیں ۔ اوسطاً، تقریباً ایک تہائی طلباء جواس سروس تک رسائی حاصل کرتے ہیں اسکولوں میں ہر سال اس سروس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔ طلباء اکثر دوستیوں یا اپنی کسی پریشانی کے بارے میں بات کرتے ہیں۔

### ***2. Place2Talk سیشنز کون منعقد کرتا ہے؟***

*Place2Be سکول پروجیکٹ مینیجرز (SPM) اورPlace2Be کونسلرز (مشاورز)[1]۔*

Place2Be برٹش ایسوسی ایشن آف کونسلنگ اور سائیکوتھیراپی کا ایک تنظیمی رکن ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمارے SPMs اور Place2Be کونسلرز ذاتی اور پیشہ ورانہ مشق کے اعلیٰ ترین معیارات کے پابند ہیں اوراس کے اخلاقی فریم ورک اور اخلاقی رہنما خطوط کے مطابق کام کرتے ہیں۔

### ***3. آپ کے بچے کا مشیر Place2Talk سیشنز کے بارے میں کس سے بات کرے گا؟***

Place2Be پر بچوں کومحفوظ رکھنے اور ضرورت پڑنے پرحفاظتی طریقہ کار پرعمل کرنے کی ذمہ داری ہے،لیکن بصورت دیگر ہم آپ کے بچے کا ڈیٹا تیسرے فریق کو کبھی ظاہرنہیں کریں گے۔

### ***4. Place2Be کی تشخیص کیا ہے اور یہ کیوں ضروری ہے؟***

---

[1] یہ اسسٹنٹ اسکول پروجیکٹ مینیجر یا دماغی صحت کے ماہر ہوسکتے ہیں۔




Royal Patron
HRH The Duchess
Of Cambridge

منظورشدہ دفتر: Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 4LW, 020 7923 5500
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ چیریٹی (1040756) اور اسکاٹ لینڈ میں (SC038649)
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ کمپنی (02876150)



Registered with FUNDRAISING REGULATOR

Classified - General

Place2Be کی تشخیص مجموعی *طورپر*جن بچوں کی ہم معاونت کرتے ہیں کل تصویرفراہم کرتی ہے۔ - آپ کے بچے کی کسی بھی رپورٹ میں شناخت نہیں ہو سکتی۔

Place2Be ہماری تاثیر کا جائزہ لینے اور بچوں اور خاندانوں کو بہترین ممکنہ خدمات دینے کے بارے میں جاننے کے لیے معلومات اکٹھی کرتا ہے۔ Place2Be کے اچھی طرح سے کام کرنے کے لیے، ہمیں یہ جاننے کی ضرورت ہے کہ ہم جو مدد فراہم کرتے ہیں اس سے بچوں کی جذباتی صحت اوران کے سیکھنے اور تعلیمی ترقی میں کس طرح مدد ملتی ہے تاکہ ہم سیکھ سکیں اور اپنی سروس کو ترقی دے سکیں۔

ہر سال Place2Be اپنی خدمات کے ذریعے تعاون یافتہ بچوں کی تعداد، Place2Be میں آنے والے بچوں کی ضروریات اور سروس کے بچوں کی صحت اور تعلیم پر پڑنے والے اثرات کے بارے میں رپورٹ کرتا ہے۔ یہ رپورٹس ہماری ویب سائٹ پر شائع کی جاتی ہیں:

http://www.place2be.org.uk/impact-evidence/our-impact/

### 5. *Place2Be کی تشخیص میں آپ کے بچے کے بارے میں کیا معلومات شامل ہیں؟*

Place2Be اسکول/مقام سے درج ذیل معلومات جمع کرتا ہے: بچے کا نام، تاریخ پیدائش، سال کا گروپ، جنس اورنسلیت ہم نسلیت کے ڈیٹا کو جمع کرتے ہیں تاکہ مساوی مواقع کی پہچان کر سکیں اور جائزہ لینے کے مقصد سے، مساویت کو فروغ دینے یا برقرار رکھنے کی منظوری کی جا سکے۔ اس کے بعد ہم بچوں کی اپائنٹمنٹس اورزیر بحث معاملات کے ساتھ ساتھ سیشن کے نتیجے میں تجویز کردہ کسی بھی کارروائی کی مختصر تفصیلات ریکارڈ کرتے ہیں۔

اگرآپ کے بچے کا ایک Place2Be ٹارگٹڈ سروس کی جانب حوالہ بھیجا جاتا ہے تو حوالے کے حصے کے طور پر اضافی معلومات جمع کی جائیں گی۔ آپ ہماری ویب سائٹ پر ہماری طرف سے جمع کردہ معلومات کی مکمل تفصیلات دیکھ سکتے ہیں۔https://www.place2be.org.uk/impact-evidence/how-we-measure-impact.aspx.

ہم معلومات کو 6 سال تک اپنے پاس رکھتے ہیں اور پھر اسے ضائع کر دیا جاتا ہے۔

### 6. *کیا آپ کے بچے کی معلومات خفیہ ہے؟*

جی ہاں. آپ کے بچے کا نام ہمارے تحقیقی ڈیٹا میں *نہیں* ہوگا۔ آپ کے بچے کی معلومات کو محفوظ طریقے سے ذخیرہ کیا جائے گا۔

### 7. *ڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 2018 (DPA) اور جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن (GDPR) کیا ہے؟*

یو کے جنرل ڈیٹا پروٹیکشن ریگولیشن اورڈیٹا پروٹیکشن ایکٹ 2018 (DPA) لوگوں کو ان کی ذاتی معلومات (ڈیٹا) پر کنٹرول فراہم کرتا ہے اور ان تنظیموں سے تقاضہ کرتا ہے کہ جن کے پاس لوگوں کی ذاتی معلومات ہیں وہ قانونی اورشفاف طریقے سے کام کریں۔ Place2Be GDPR اورDPA 2018 کے اندراس بات کو یقینی بنانے کے لیے کام کرتا ہے کہ ذاتی ڈیٹا، مثال کے طور پر، نام یا تاریخ پیدائش، کو قانونی طور پر جمع کیا جائے، محفوظ طریقے سے رکھا جائے اور بغیراجازت دوسرے لوگوں یا ایجنسیوں کو منتقل نہ کیا جائے۔

### 8. ہم آپ کے بچے کی معلومات کی حفاظت کیسے کرتے ہیں؟

ہمیں آپ کے بچے کی معلومات کی حفاظت کا خیال ہے۔ ہماری پالیسیاں اورسسٹمزاس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ معلومات تک رسائی کسی ایسے شخص کی نہ ہو سکے جسے اسے نہیں دیکھنا چاہئے۔ وہ معلومات کے نقصان یا غلط استعمال سے بھی حفاظت کرتے ہیں۔

ہم اپنے پاس موجود ذاتی معلومات کی حفاظت کے لیے تمام مناسب اقدامات کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ ہم یہ بہت سے اقدامات کے ذریعے کرتے ہیں، بشمول ایک محفوظ، پاس ورڈ سےمحفوظ ڈیٹا بیس میں رکھی جانے والی معلومات جس تک صرف وہی لوگ رسائی حاصل کر سکتے ہیں جنہیں آپ کے بچے کی خدمت کی فراہمی کے لیے معلومات دیکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔



Royal Patron
HRH The Duchess
Of Cambridge

منظورشدہ دفتر: Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 4LW, 020 7923 5500
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ چیریٹی (1040756) اور اسکاٹ لینڈ میں (SC038649)
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ کمپنی (02876150)

Registered with FUNDRAISING REGULATOR

Classified - General

## 9. ہم نے آپ کے بچے کے بارے میں معلومات جمع کرنے کے لیے رضامندی کیوں نہیں مانگی؟

ہمارا مقصد ایک ایسی خدمت ہے جس تک اسکول/مقام کا کوئی بھی بچہ رسائی حاصل کر سکےجب وہ چاہیں. Place2Talk ایک قابل قدرسیلف ریفرل سپورٹ سروس ہے جو قابل رسائی ہونے سے بدنما داغ کو کم کرتی ہے۔کوئی بھی بچہ جس کے والدین/دیکھ بھال کرنے والے
نےاس بات پر اتفاق کیا ہےکہ ان کا بچہ Place2Talk استعمال کر سکتا ہے شرکت کر سکتے ہیں. ان حالات میں، بچے کی معلومات کو ریکارڈ کرنے یا ذخیرہ کرنے یا اس کا اندازہ لگانے کے لیے والدین کی رضامندی کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ دیگر قانونی تحفظات اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ کم سے کم معلومات اکٹھی کی جائے اوراس کا استعمال اس طرح کیا جائے جس سے ان بچوں کا جو یہ خدمتاستعمال کرتے ہیں احترام اور تحفظ کیا جا سکے۔

## 10. *آپ کے بچے کے بارے میں معلومات جمع کرنے کی ہماری قانونی بنیاد کیا ہے؟*

GDPR کے تحت ہمیں ذاتی ڈیٹا پر کارروائی کرنے کے لیے 6 میں سے 1 قانونی بنیاد کی شناخت کرنی ہوگی۔ ہم نے اپنی قانونی بنیاد کو "جائز مفاد" کے طور پر شناخت کیا ہے جیسا کہ ذیل میں وضاحت کی گئی ہے، اس کے مطابق ہمیں آپ کے بچے کی معلومات پر کارروائی کرنے کے لیے رضامندی (یا والدین کی رضامندی) پر انحصار کرنے کی ضرورت نہیں ہے، خاص طور پر اس لیے کہ ہم کسی بچے کو براہ راست مشاورت کی خدمات پیش کر رہے ہیں۔ یہ انفارمیشن کمشنر آفس (ICO) کی رہنمائی کے مطابق ہے جو برطانیہ میں ڈیٹا کے تحفظ کی قانون سازی کو نافذ کرتے ہیں۔ یہ برٹش ایسوسی ایشن آف کونسلنگ اینڈ سائیکو تھراپی (BACP) کی رہنمائی کے بھی مطابق ہے۔

اگرآپ کا بچہ کونسلنگ سیشن میں آتا ہے تو ہم اس کے بارے میں معلومات کو ریکارڈ، ذخیرہ کرتے اور جائزہ لیتے ہیں دو وجوہات کی بنا پر:

- ہم کونسلنگ سپورٹ تک رسائی میں آپ کے بچے کے مفادات کا تحفظ کر رہے ہیں اور صرف ضروری معلومات اکٹھی کی جاتی ہیں (اسے کہا جاتا ہے "**جائز مفادات**"ذاتی معلومات پر کارروائی کے لیے قانونی بنیاد؛ اور
- معلومات کو ریکارڈ کرنے کا مطلب ہے کہ آپ کا بچہ اپنی**صحت اور سماجی نگہداشت** کے لیے سروس تک رسائی حاصل کر سکتا ہے۔ (یہ کسی بھی حساس یا "خصوصی زمرے" کی ذاتی معلومات کے لیے مزید قانونی بنیاد ہے)۔

BACP Place2Be کا ایک تنظیمی رکن ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ہمارا عملہ اس کے اخلاقی فریم ورک اور اخلاقی رہنما خطوط کے مطابق کام کرتا ہے، اس لیے تاکہ وہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کی معلومات خفیہ ہے۔ اس کے علاوہ، ہم آپ کے بچے کی کچھ معلومات کو تحقیق اور شماریاتی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کے قابل بھی ہیں، کیونکہ ہم تخلص (یعنی کوڈڈ) معلومات استعمال کرتے ہیں اور آپ کے بچے کا نام ہٹا دیتے ہیں۔ ہم کچھ معلومات کو مساوی مواقع اوران کی مشاورتکی نگرانی کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں۔

## 11. کیا آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کا بچہ Place2Talk میں شرکت نہ کرے؟

جی ہاں. آپ ہم سے اپنے بچے کو نہ دیکھنے کے لیے کہہ سکتے ہیں اس معلومات کے ساتھ والی پرچی مکمل کر کے Place2Be سکول پروجیکٹ مینیجر یا Place2Be کونسلر کو واپس دینے کے ذریعے۔ اگر کسی بچے کی عمر 12+ ہے اور وہ Place2Talk میں شرکت کرنا چاہتا ہے، تو ہم اس درخواست پر اس کی Gillick competence( گلک اہلیت) کے مطابق غور کریں گے تاکہ یہ معلوم کیا جا سکے کہ کیا وہ اس کی درخواست کرنے کے قابل ہے اور اسکول/مقام سے بات چیت کرسکتا ہے۔

آپ کسی بھی وقت اپنا معاہدہ واپس لے سکتے ہیں Place2Be سکول پروجیکٹ مینیجر یا Place2Be کونسلر سے بات کر کے، یا privacy@place2be.org.uk پرای میل بھیج کر.

جیسے ہی ہم آپ کی ای میل کو موصول کریں گے، ہم Place2Talk کی معاونت کومنقطع کر دیں گے۔

## 12. کیا آپ اپنے بچے کے بارے میں موجود معلومات کی درخواست کر سکتے ہیں؟

آپ ہم سے کسی بھی وقت اپنے بچے کے بارے میں ہمارے پاس موجود معلومات کی تصدیق کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں، اور ہم سے معلومات کو ترتیب دینے، تازہ کرنے یا حذف کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اسے Subject Access Request کے نام سے جانا جاتا ہے اور ہم اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ تمام درخواستوں کو UK GDPR اور DPA 2018 کے مطابق ہینڈل کیا جائے۔ یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ اگر کوئی بچہ موضوع تک رسائی کے حقوق کے اثرات کو سمجھنے کے لیے بہت چھوٹا ہے، تب بھی ان کے بارے میں ڈیٹا ان کا ذاتی ڈیٹا ہے اور اس کا تعلق کسی اور سے نہیں ہے، جیسے کہ والدین یا سرپرست۔ اس طرح، ہم معاملہ بمعاملہ کی بنیاد پراندازہ لگاتے ہیں کہ کیا یہ بچے کے بہتر مفاد میں ہے۔ چھوٹے بچوں کے معاملے میں یہ حقوق ان لوگوں کے ذریعہ استعمال کیے جائیں گے جو ان کے لیے والدین کی



Royal Patron
HRH The Duchess
Of Cambridge

منظورشدہ دفتر: Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 4LW, 020 7923 5500
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ چیریٹی (1040756) اور اسکاٹ لینڈ میں (SC038649)
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ کمپنی (02876150)

Registered with FUNDRAISING REGULATOR

Classified - General

ذمہ داری رکھتے ہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کے ڈیٹا کی درخواست کرتے ہیں، تو والدین کی ذمہ داری کا ثبوت درکار ہوگا۔

ہم غور کریں گے کہ کیا بچہ اپنے حقوق کو سمجھنے کے لیے اتنا بالغ ہے یا نہیں۔ اگر انہیں قابل سمجھا جاتا ہے توہم بچے کو جواب دیں گے یا ان سے مشاورت کریں گے یا بچے کی رضامندی حاصل کریں گے آپ کو معلومات دینے کے لئے (والدینی ذمہ داری والوں کو)۔

آپ Place2Be سکول پروجیکٹ مینیجر یا Place2Be کونسلر سے بات کر کے Subject Access Request (سبجیکٹ تک رسائی کی درخواست) کر سکتے ہیں جو آپ کو فارم مکمل کرنے کے لیے کہیں گے یا Privacy@place2be.org.uk پرای میل بھیج کر.

## 13. ہم آپ کے بچے کی معلومات کب تک ذخیرہ کریں گے؟

ہم آپ کے بچے کی معلومات کو 6 سال تک محفوظ رکھتے ہیں، اور پھر اسے ضائع کر دیا جاتا ہے۔

## 14. اگر آپ ہماری سروس سے ناخوش ہیں تو آپ کیا کر سکتے ہیں؟

اگر آپ ہماری سروس کے کسی بھی پہلو سے ناخوش ہیں، تو آپ تحریری طور پر شکایت کر سکتے ہیں چیف فنانشل آفیسر کوEnquiries@Place2be.org.uk پر۔

اگر آپ اس سے ناخوش ہیں کہ آپ کے بچے کے ڈیٹا کو کیسے ہینڈل کیا جاتا ہے، تو آپ پہلی صورتحال میں ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو privacy@place2be.org.uk پرای میل بھیج کر شکایت کر سکتے ہیں۔

اگر آپ ابھی بھی ناخوش رہتے ہیں، تو آپ انفارمیشن کمشنر سے اس پر شکایت کر سکتے ہیں: انفارمیشن کمشنر آفس (ICO)، Wycliffe House, Water Lane, Wilmslow, Cheshire, SK9 5AF (ٹیلیفون: 03031231113؛ ویب سائٹwww.ico.org.uk)۔

ہم فرض کرتے ہیں کہ والدین/دیکھ بھال کرنے والے اپنے بچوں کے ساتھ اس خط پر بات کریں گے، تاکہ وہ بھی یہ سمجھیں کہ ان کی معلومات کیسے اور کیوں جمع کی جا رہی ہے۔ اس شیٹ کی نقول بچوں کو Place2Talk سیشنز میں بھی دستیاب ہوں گی۔



Royal Patron
HRH The Duchess
Of Cambridge
Classified - General

منظورشدہ دفتر: Place2Be, 175 St John St, Clerkenwell, London EC1V 4LW, 020 7923 5500
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ چیریٹی (1040756) اور اسکاٹ لینڈ میں (SC038649)
انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ کمپنی (02876150)
Registered with FUNDRAISING REGULATOR